| Narration | Time |
|---|---|
| لبرے آفس بیس پر اس سپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے. | 00:00 |
| موڈِفائنگ اے فارم کے اس ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے کہ کس طرح ایک فارم میں ڈیٹا داخل کریں، فارم میں تبدیلی کریں. | 00:04 |
| گزشتہ ٹیوٹوریل میں، ہم نے لبرے آفس بیس کا استعمال کرتے ہوئے فارم بنانا سیکھا تھا. | 00:14 |
| ہم نے اپنی مثال Library ڈیٹا بیس میں ایک سادہ Books data entry فارم بنایا تھا. | 00:22 |
| چلیئے دیکھتے ہیں کہ ہم کس طرح اس فارم کا استعمال کرتے ہوئے، Books لسٹ یعنی فہرست میں ڈیٹا داخل کرتے ہیں. | 00:29 |
| چلیئے سب سے پہلے LibreOffice Base program شروع کرتے ہیں، اگر وہ پہلے سے نہیں کھلا ہے. | 00:39 |
| اور اپنا Library ڈیٹا بیس کھولتے ہیں. | 00:48 |
| اگر بیس پہلے ہی کھلا ہے، تو ہم File مینیو کے اندر Open پر کلک کرکے Library ڈیٹا بیس کھول سکتے ہیں. | 00:52 |
| یا اسے File مینیو کے اندر Recent Documents پر کلک کرکے کھول سکتے ہیں. | 01:03 |
| اب ہم Library ڈیٹا بیس میں ہیں. | 01:08 |
| چلیئے بائیں پینل پر Database فہرست میں Forms آئکن پر کلک کرتے ہیں. | 01:12 |
| توجہ دیجیئے کہ Forms کے تحت 'Books Data entry form' ونڈو کے بیچ میں نمایاں ہو گیا ہے. | 01:18 |
| چلیئے اس فارم نیم پر دایاں کلک کرتے ہیں اور Open پر کلک کرتے ہیں. | 01:28 |
| اب ہم Books ٹیبل کے فیلڈس سے متعلقہ لیبلز اور ٹیکسٹ بکسیس پر مشتمل نیلے بیکگراونڈ کے ساتھ ایک نئی ونڈو دیکھتے ہیں. | 01:33 |
| چلیئے ہر فیلڈ میں جانے کے لئے tab بٹن پر کلک کرتے ہیں، اور جیسے ہی ہم آخری فیلڈ میں جاتے ہیں، بیس دوسرا ریکارڈ کھولتا ہے. | 01:45 |
| اس طرح سے ہم ریکارڈس کا ٹرانزٹ کر سکتے ہیں. | 01:56 |
| یا ریکارڈس کے درمیان جانے کے لئے ہم نچلے ٹول بار میں سیاہ تکون آئکنس کا بھی استعمال کر سکتے ہیں. | 02:00 |
| متبادل طور پر، ایک مخصوص ریکارڈ پر جانے کے لئے، نچلے ٹول بار میں ریکارڈ نمبر ٹائپ کریں اور enter بٹن یا tab بٹن دبائیں. | 02:10 |

| | |
|---|---|
| 02:23 | چلیئے آخری ریکارڈ پر چلتے ہیں جو کہ پانچواں ہے. |
| 02:29 | اب چلیئے ایک نیا ریکارڈ جوڑتے ہیں. |
| 02:34 | یہ کرنے کے لئے، New Record آئکن پر کلک کریں، جو کہ نچلے ٹول بار آخری ریکارڈ آئکن سے دوسرا دایاں ہے. |
| 02:46 | توجہ دیں کہ ہم خالی ٹیکسٹ بکسیس اور نیچے ریکارڈ نمبر دیکھتے ہیں جو کہ 6 ہے. |
| 02:55 | اب ہم ایک نیا ریکارڈ، ایک نئی کتاب کی معلومات کے ساتھ شامل کرنے کے لئے تیار ہیں. |
| 03:03 | Title ٹیکسٹ باکس میں 'Paradise Lost' ٹائپ کرتے ہیں اور اگلے فیلڈ پر جانے کے لئے tab بٹن کا استعمال کرتے ہیں. |
| 03:17 | author کے سامنے 'John Milton' ٹائپ کرتے ہیں. |
| 03:23 | PublishYear کے سامنے '1975' ٹائپ کرتے ہیں. |
| 03:28 | Publisher کے سامنے 'Oxford' |
| 03:31 | اور price کے سامنے 200 |
| 03:36 | یہاں، ہم نے ابھی Books ٹیبل میں Books Data Entry Form کا استعمال کرتے ہوئے ایک نیا ریکارڈ درج کیا. |
| 03:45 | ہم اس ونڈو کو بند کرتے ہیں. |
| 03:47 | اس طرح سے ہم اور ریکارڈس یا ڈیٹا شامل کر سکتے ہیں. |
| 03:53 | چلیئے دیکھتے ہیں کہ کیا Base نے آخری ریکارڈ کے ساتھ Books ٹیبل میں اپڈیٹ کیا ہے یا نہیں جسے ہم نے ابھی داخل کیا ہے. |
| 04:02 | اس کے لئے، چلیئے لبرے آفس بیس مین ونڈو میں، دائیں پینل میں Books ٹیبل پر ڈبل کلک کرتے ہیں. |
| 04:12 | نیا ریکارڈ جسے ہم نے فارم کے ذریعے درج کیا تھا اس پر توجہ دیجئے. |
| 04:18 | تو چلیئے، ہم اس ونڈو کو بند کریں گے. |
| 04:23 | اب سیکھتے ہیں کہ اپنے فارم میں سادہ ترمیمات کس طرح کرتے ہیں. |
| 04:30 | ہم بائیں پینل پر ڈیٹا بیس فہرست میں Forms کے آئکن پر کلک کریں گے. |

| | |
|---|---|
| اور 'Books Data Entry form' پر دایاں کلک کر کے اور 'edit' منتخب کر کے edit یعنی ترمیم کرنے کے لئے کھولیں گے. | 04:37 |
| اب ایک جانی پہچانی ونڈو کھلتی ہے. | 04:47 |
| اس کے علاوہ اگر آپ لیبل 'title' پر کلک کرتے ہیں، تو آپ لیبل اور ٹیکسٹ باکس کو گھیرے ہوئے کئی سارے چھوٹے سبز باکس دیکھیں گے. | 04:51 |
| اس کا مطلب ہے کہ ہم Form design window میں ہیں. | 05:03 |
| اور ہم فارم اور اس کے ایلیمینٹس کی شکل اور ساتھ ہی اس کی funtionality یعنی کارکردگی تبدیل کر سکتے ہیں. | 05:08 |
| مثال کے طور پر، ہم لیبلز اور ٹیکسٹ بکسیس کا مقام اور سائز تبدیل کر سکتے ہیں. | 05:17 |
| انہیں properties بھی کہتے ہیں. | 05:25 |
| لیبل ٹائٹل پر ڈبل کلک کریں | 05:28 |
| یہ Properties نامی ایک چھوٹا popup ونڈو کھولتا ہے. | 05:31 |
| یہاں کئی قسم کے ایلیمینٹس پر توجہ دیجئے. | 05:38 |
| اب چلئے لیبل 'author' پر کلک کرتے ہیں، توجہ دیجئے کہ Properties ونڈو رِفریش ہوتی ہے اور لیبل Author کی خصوصیات کی عکاسی کرتی ہے. | 05:48 |
| لہذا جیسے ہی ہم فارم پر مختلف ایلیمینٹس پر کلک کرتے ہیں، ہم دیکھتے ہیں کہ Properties ونڈو منتخب ایلیمیٹ کی خاصیت کو ظاہر کرنے کے لئے رِفریش ہوتی ہے. | 06:01 |
| اب، Properties ونڈو ٹائٹل Properties MultiSelection کے طور پر ظاہر ہے. | 06:14 |
| ایسا اس لئے کیونکہ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ author لیبل اور اسکا ٹیکسٹ بکس جو اس کے ساتھ ہی ہے، سبز بکسیس کے ایک گروپ میں رکھے گئے ہیں. | 06:21 |
| base نے لیبلز کو خود بخود لیبلز اور متعلقہ ٹیکسٹ بکسیس کو فارم میں گروپ کر دیا ہے. ہم انہیں ungroup کر سکتے ہیں. | 06:34 |
| Title لیبل پر دایاں کلک کریں اور پھر نیچے 'Group' پر کلک کریں، پھر 'Ungroup' پر کلک کریں. | 06:44 |
| اب ہم دیکھتے ہیں کہ لیبل ٹائٹل اور ان کے ٹیکسٹ باکس ungroup ہو گئے ہیں. | 06:54 |
| اس طرح سے، ہم فارم میں مخصوص ایلیمینٹس کی خصوصیات میں تبدیلی کر سکتے ہیں. | 07:02 |

| | |
|---|---|
| 07:10 | اب ہم ٹائٹل ٹیکسٹ باکس میں ایک ٹول ٹپ جوڑتے ہیں. |
| 07:16 | تو چلئے Properties ونڈو میں نیچے تک سکرول کرتے ہیں. |
| 07:22 | لیبل 'Help text' پر توجہ دیجئے اور چلئے یہاں ٹائپ کرتے ہیں 'Enter the title of the book here' |
| 07:32 | اب،سب سے اوپر File مینو کے نیچے Save کے آئکن پر کلک کر کے فارم سیو کرتے ہیں . اور ہم اس ونڈو کو بند کریں گے. |
| 07:46 | اب دیکھتے ہیں، ہمارا فارم ہماری کی گئی تبدیلیوں کے بعد کیسا دکھائی دیتا ہے. |
| 07:54 | اس کے لئے ، Base مین ونڈو میں جاتے ہیں، بائیں پینل میں Forms آئکن پر کلک کریں. |
| 08:03 | اور دائیں پینل میں 'Books Data Entry Form' پر ڈبل کلک کریں. |
| 08:10 | ماؤس کو ٹائٹل لیبل یا ٹیکسٹ باکس کے اوپر رکھتے ہیں. |
| 08:17 | توجہ دیجئے کہ ایک ٹول ٹپ ظاہر ہوگی جو کہےگی.'Enter the title of the book here' |
| 08:24 | تو اب، ہم نے سیکھا کہ کس طرح آپ کے فارم میں سادہ ترمیم کریں |
| 08:31 | ہم Base ٹیوٹوریل کے اگلے حصہ میں دیکھینگے کہ کس طرح ایک فارم میں مزید تبدیلیاں کریں |
| 08:39 | ایک تفویض |
| 08:41 | Members ٹیبل کے لئے ایک سادہ فارم بنائیے. |
| 08:46 | اب ہم لبرے آفس بیس میں فارم میں تبدیلیوں پر اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ گئے ہیں. |
| 08:52 | مختصر میں، ہم نے سیکھا کہ کس طرح فارم میں ڈیٹا داخل کریں، اور کس طرح فارم میں ترمیم کریں. |
| 09:00 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -ا - ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے . جسے حکومت ہند کے ایمچ آر ڈی وزارت کے قومی خواندگی مشن نے آئی سی ٹی(ICT) کے ذریعے حمایت کی ہے. |
| 09:12 | اس پروجیکٹ کی معاونت http://spoken-tutorial.org نے کی ہے. |
| 09:17 | اس پر مزید معلومات درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں. http://spoken-tutorial.org/NMEICT-Intro . |
| 09:22 | اِس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے شریک ہونے کیلئے بہت شکریہ |